**06/03/2026**

**07.40/PM**

**آداب**

**یہ آکاش وانی سرینگرہے ۔**

**خبروں کا بلٹن لےکر مینسیدمبشر رفاعی**

**پہلے اہم خبروں کی سرخیاں ۔**

**ہیڈ لائنز**

***........ وزیر اعظم نریندر مو دی نے زرعی شعبے کو ملک کی معیشت اور ترقی کے طویل مدتی سفر کا اہم جر دیا قرار ۔**

***........ متعدد وفود جموں میں وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کے ساتھ ملاقی// عوامی نوعیت کے معاملات پر کیا تبادلہ خیال ۔**

***........ وادی میں امن و قانون کی صورتحال کو بر قرار رکھنے کے لئے آج بھی رہے احتیاطی اقدامات نافذ.**

**اور**

***........ UPSC کی جانب سے سول سروس 2025 کے نتائج کا اعلان// کوالیفائی کرنے والے 958 امیدواروں میں جموں کشمیر کے 16 امیدوار شامل ۔**

**وزیر اعظم**

**وزیر اعظم نریندر مو دی نے کہا ہے کہ زراعت بھارتی معیشت کا ایک اہم ترین شعبہ اور ملک کی ترقی کے طویل مدتی سفر کا اہم جز ہے ۔ انہوں نے ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے زراعت اور دیہی شعبے میں یکسر تبدیلی کے موضوع پر بجٹ کے بعد کے ایک ویبنار سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حکومت نے زرعی شعبے کو مستحکم بنانے کے لئے لگاتار بہت سے اقدامات کئے ہیں ۔ انہوں نے کہا کہ اس سال کے مرکزی بجٹ میں زراعت اور دیہی ترقی پر خاص توجہ دی گئی ہے ۔ وزیر اعظم نے کہا کہ اس بار اناج ، دلہن ، تلہن کی ریکارڈ پیداوار ہوئی ہے ۔**

**رائے سینا**

وزیر اعظم نریندر مودی نے نئی دلی میں رائے سیناڈائیلاگ کے 11ویں شمارے کا افتتاح کیا۔اس موقعے پر انہوں نے کہا کہ آج دنیا ایک غیر یقینی صورتحال سے گزر رہی ہے اور ایسے میں بھارت اور یورپ اپنے تعلقات کے سنہرے دور میں داخل ہو رہے ہیں۔

دریں اثناءامور خارجہ کے وزیر مملکت کیرتی وردھن سنگھ نے زور دے کر کہا کہ عالمی جنوب کیلئے ایک مستحکم بحری ترقی، لازمی ہے۔ نئی دلی میں آج رائے سینا مذاکرات 2026 کے دوسرے دن اپنے وزارتی کلمات میں انہوں نے خاص طور پر کہا کہ بھارت کے فیصلے، قومی مفادات کے تحت کیے جاتے ہیں اور وہ کسی ایک واحد بلاک کے تحت نہیں کیے جاتے۔

وزیر اعلیٰ

جموں میں آج کئی وفود نے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کے ساتھ ملاقات کی اور انہیں اپنے اپنے علاقوں کی ترقیاتی ضروریات اور مسائل کے بارے میں جانکاری دی ۔

ممبر پارلیمنٹ سجاد احمد کچلو کی سربراہی میں پاڈر کشتواڑ سے تعلق رکھنے والے ایک وفد نے وزیر اعلیٰ سے ملاقات کی اور اپنے علاقوں کے مسائل پر مشتمل ایک میمورنڈم پیش کیا ۔

کا وفد OBCکشمیری مائگرنٹوں کا وفد سابق ڈی ڈی سی ممبران پوجا ٹھاکر اور شمیم بیگم ، اور امبیڈکر ایجوکیشن سوسائٹی جموں کا ایک وفد بھی وزیر اعلیٰ سے ملاقی ہوا ۔ وزیر اعلیٰ نے ان کے مسائل غور سے سنے اور یقین دلایا کہ جائز مطالبات کو ترجیحی بنیادوں پر پورا کیا جائے گا۔

وزیر اعلیٰ میٹنگ

اس دوران وزیر اعلیٰ نے آج جموں میں ایک میٹنگ کے دوران جموں کشمیر میں کاروباری ضابطہ بندی میں نرمی کے اقدامات کا جائزہ لیا ۔ یہ اقدامات کاروبار کرنے میں آسانی پیدا کرنے کی کوششوں کے تحت کئے جا رہے ہیں ۔

عمر عبداللہ نے سول سیکریٹریٹ جموں میں نئے تعمیر کئے گئے بلاک کا افتتاح کیا ۔ اس بلاک کے مکمل ہونے سے ملازمین کے لئے کام کرنے کی بہتر سہولیات دستیاب ہوں گی اور سیکریٹریٹ میں بنیادی ڈھانچے کو تقویت حاصل ہو گی ۔

عمر ملاقات

دریں اثناءسول سیکریٹریٹ جموں میں آج انڈین فاریسٹ سروس کے نئے افسروننے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کے ساتھ ملاقات کی ۔ انہوں نے جموں ں کشمیر میں ان افسروں کی تعیناتی کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کیا ۔ اس موقعہ پر محکمہ جنگلات کے کئی اعلیٰ افسران بھی موجود تھے ۔

نائب وزیر اعلیٰ

نائب وزیر اعلیٰ سریندر چودھری نے کامگاروں کو معیشت کی ریڑھ کی ہڈی قرار دیتے ہوئے کہا کہ حکومت اس طبقے کی بہبودی کے لئے متعدد سکیمیں چلا رہی ہیں ۔ بڑی برہمنا جموں میں آج ایک ورکرس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حکومت کامگاروں کے حقوق کو تحفظ دینے کی وعدہ بند ہے ۔

سکینہ ایتو

جموں Para Medics اور Pharmacists صحت و طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے کہا ہے کہ کشمیر میں طبی نگہداشت کے شعبے کو مستحکم کرنے میں کلیدی رول ادا کر رہے ہیں ۔ چک ایجوکیشن ڈے کے Pharmacy بلوال جموں میں مادر مہربان کیمپس آف ہیلتھ سائنسز میں نیشنل سلسلے میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ نیم طبی عملہ ڈاکٹروں اور مریضوں کے درمیان پُل کی حیثیت سے کام کر رہا ہے ۔ انہوں نے کہا کہ حکومت جموں کشمیر سیکٹر میں تمام اسامیوں کو پُر کرنے کی وعدہ بند ہے ۔ Paramedical میں

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے تمام اضلاع کے ڈپٹی کمشنروں پر زور دیا کہ وہ اپنے اپنے اضلاع میں مشن یووا سکیم کے ادارہ جاتی ڈھانچے کو استحکام بخشنے کے لئے سنجیدہ اقدامات کریں ۔

وہ آج جموں میں ضلع سطح پراس سکیم کی عمل آوری سے متعلق ایک میٹنگ کے دوران جائزہ لے رہے تھے ۔

رمضان

رمضان المبارک کا مہینہ ہمیں تقویٰ اور اللہ کا قرب حاصل کرنے کے لئے جہاں ایک بہترین موقعہ فراہم کرتا ہے، وہیں یہ با برکت مہینہ مسلمانان عالم کو فراخدلانہ سخاوت کرنے کا بھی درس اور ترغیب دیتا ہے ۔

اس بارے میں وادی کے معروف عالمِ دین مفتی مظفر حسین قاسمی نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

درخشاں اندرابی

جموں کشمیر وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر سید درخشاں اندرابی نے راجوری کے دورے کے دوسرے دن آج راجوری قصبے میں نئے تعمیر کئے گئے جدید طرز کے کانفرنس حال کا افتتاح کیا ۔ اس موقعہ پر ڈی سی راجوری ابھیشیک شرما بھی ان کے ہمراہ تھے ۔ بعد میں ایک میٹنگ کے دوران ڈاکٹر اندرابی نے ضلعے میں جمعتہ الوداع ، شب قدر اور عید الفطر کے سلسلے میں

کئے جا رہے انتظامات کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے کہا کہ بورڈ تمام زیارت گاہوں کو جدیدیت سے ہمکنار کرنے کے لئے پُر عزم ہے ۔

**SKIMS**

شیر کشمیر انسٹی چیوٹ آف میڈیکل سائنسز صورہ کو طبی نگہداشت کے شعبے میں ریفرل نظام کو کلیدی اہمیت حاصل ہے۔ جہاں مریضوں کے لئے ابتداءسے ہی طبی نگہداشت کی اعلیٰ معیار کی سہولیات دستیاب ہیں ۔

اس تعلق سے شیر کشمیر انسٹی چیوٹ آف میڈیکل سائنسز صورہ کے بانی ڈائریکٹر پروفیسر اجیت کمار ناگپال نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔

**-----Nagpal-----**

**پرگتی**

ملکی سطح پر اہم اور بڑے ترقیاتی پروجیکٹونکی موثر عمل آوری کو یقینی بنانے کیلئے مرکزی سرکار نے سال2015میں پرگتی نام کی پہل شروع کی ۔پرگتی کے تحت وزیر اعظم نریندر مودی بذات خود پروجیکٹوں کی عمل آوری کی نگرانی کرتے ہیں۔ جموں کشمیر میں پرگتی کے تحت کافی پیش رفت حاصل ہوئی ہے ۔

اس منفرد پہل کے بارے میں وادی کے ایک نامور ماہر اقتصادیات ڈاکٹر اعجاز ایوب نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

**............Ajaz Ayoub............**

**بریک**

یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سما عت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبر ینآپ آکاشو انی کے موبا ئیل اپلیکشن نیوز آن

ہمارے خبروں کے بلیٹن اور نیوز روم کے پروگراموں ، ڈسٹرکٹ نیوز لیٹر، نئی منزلیں اور شہر شہر منظر کے بارے میں آپ اپنا فیڈ بیک ہمارے ای میل ایڈریس
پر بھیج سکتے ہیں ۔Radiokashmir@gmail.co

**صورتحال**

مغربی ایشیاءمیں موجود ہ صورتحال اور اسرائیلی حملوں کے پیش نظر وادی خاص طور سے سرینگر شہر اور اس کے گرد ونواح میں امن و قانون کی صورتحال بر قرار رکھنے کے لئے احتیاطی اقدامات آج 5ویں روز بھی جاری رہے۔ حساس مقامات پر حفاظتی عملے کی اضافی نفری کو تعینات کیا گیا تھا ۔ کسی بھی علاقے سے کسی نا خوشگوار واقعے کی کوئی اطلاع نہیں ہے ۔

تک محدود رہی جس کی وجہ سے عام لوگوں کو Gوادی میں آج بھی موبائل انٹر نیٹ کی رفتار 2 مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے ۔

## UPSC

نے سول سروسز امتحانات 2025 کے نتائج کا اعلان کیا ہے ۔ کل 958 امیدواروں نے یہ UPSC امتحان کوالیفائی کیا ہے ۔ Anuj Agnihotri نے پہلی جبکہ Rajeshwari Suve نے دوسری اور Akansh Dhull نے تیسری پوزیشن حاصل کی ہے ۔

Suvan کا امتحان پاس کیا ہے ۔ ان میں UPSC جموں کشمیر کے 16 امیدواروں نے بھی Sharma ، توصیف گنائی، Ritika ، غلام دین ، منیب پرہ ، سویاش شِوم، Dwarka Gaadhi ، آکاش ، کوہِ صفا ، یاسر ، ابھیشیک، پنکج ، محمد اعجاز ، اظہر ، سرفراز اور عرفان شامل ہیں ۔

## نیشنل کانفرنس

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے جموں کشمیر کے سرکردہ عالمِ دین مرحوم مولوی محمد یوسف شاہ ؒ کے یوم وصال پر انہیں خراج عقیدت پیش کیا ہے ۔

پارٹی کے نائب صدرا ور وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے بھی مرحوم کو کی دینی خدمات کو سراہتے ہوئے انہیں خراج عقیدت پیش کیا ہے ۔

دریں اثناءپارٹی کے جنرل سیکریٹری علی محمد ساگر نے ایران پر امریکی اور اسرائیلی حملوں پر تشویش کا اظہار کیا ہے ۔

## ست شرما

بی جے پی جموں کشمیر کے صدر اور ممبر پارلیمنٹ ست شرما کی صدارت میں آج جموں میں پارٹی کے سینئر لیڈروں کی ایک میٹنگ منعقد ہوئی ۔ میٹنگ میں پارٹی کے ڈھانچے اور زمینی سطح پر اس کی آوٹ ریچ کو بڑھانے نیز وزیر اعظم نریندر مو دی کی سربراہی والی حکومت کی حصولیابیوں سے جُڑے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا ۔ ست شرما نے پارٹی کارکنوں پر زور دیا کہ وہ زمینی سطح پر ڈھانچے کو مضبوط کرنے نیز سرکار کی سکیموں کو عام لوگوں تک پہنچانے میں کلیدی رول ادا کریں ۔ میٹنگ سے بی جے پی جموں کشمیر کی نائب ریکھا مہاجن نے بھیی خطاب کیا ۔

## سنجیتا ڈوگر

بی جے پی جموں کشمیر کی جنرل سیکریٹری اور ہیڈ کوارٹر انچارج سنجیتا ڈوگرا نے آج جموں میں ایک میٹنگ کے دوران یوٹی بھر میں پارٹی کی طرف سے عملائے جا رہے پروگراموں کا جائزہ لیا ۔ اس موقعہ پر پارٹی کے کئی آوٹ ریچ پروگراموں کی پیش رفت پر تبادلہ خیال کیا گیا ۔

وحید الرحمان پرہ

پی ڈی پی لیڈر اور ایم ایل اے وحید الرحمان پرہ نے الزام لگایا ہے کہ جموں کشمیر میں فی الوقت مشن یووا کے تحت صرف IIM اور IIT کو Hire جموں کے لئے ہی عملے کو کیا جا رہا ہے ۔ پی ڈی پی کی جانب سے نیوز روم کو دستیاب کیے گئے ایک سوشل میڈیا پوسٹ لنک میں انہوں نے وزیر اعلیٰ سے سوال کیا ہے کہ یہ عمل یو ٹی میں قائم جموں یونیورسٹی، کشمیر یونیورسٹی، اسلامک یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی، بابا غلام شاہ بادشاہ یونیورسٹی اور ماتا ویشنو دیوی یونیورسٹی کے علاوہ دیگر اداروں میں میرٹ کی بنیاد پر شروع کیوں نہیں کیا جا رہا ہے ۔

دریں اثناءایک اور سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے کہا ہے کہ جموں کشمیر ماحولیاتی تباہی کے دہانے پر پہنچ گیا ہے جس کی وجہ سے پانی کی قلت ہر سطح پر دیکھنے کو مل رہی ہے۔ انہوں نے دعویٰ کیا ہے کہ جل شکتی محکمے کو رواں مالی سال میں یوٹی کیپیکس کے تحت مختص 700 کروڑ روپے ابھی تک واگذار نہیں کیے گئے ہیں۔ وحید الرحمن پرہ نے مزید کہا ہے کہ محکمے کو فنڈس واگذار نہ کیے جانے کی صورت میں مرکزی معاونت والی سکیمیں اثر انداز ہوں گی جس سے جموں کشمیر کے کسان اور دیگر متعلقین کو آنے والے موسم میں کافی دقتوں اور نقصان کا سامنا کرنا پڑے گا۔

التجا مفتی

پی ڈی پی لیڈر التجا مفتی نے کہا ہے کہ انٹرنیٹ اور SMS خدمات کو محدود کرنے کی وجہ سے وادی کے امیدوار NEET Undergraduate -2026 کے لئے رجسٹر نہیں کر پا رہے ہیں ۔

پی ڈی پی کی جانب سے نیوز روم کو دستیاب کیے گئے ایک سوشل میڈیا پوسٹلنک میں انہوں نےنیشنل ٹیسٹنگ اتھارٹی اور مرکزی وزیر تعلیم سے مطالبہ کیا ہے کہ NEET Undergraduate -2026 کے لئے درخواستیں دینے کی آخری تاریخ میں توسیع کی جانی چاہئے ۔

واضح رہے کہ NEET Undergraduate -2026 کے لیے آن لائن درخواستیں دینے کے لیے آخری تاریخ آٹھ مارچ مقرر کی گئی ہے۔

نشہ مکت بھارت ابھیان

نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے ملک بھر میں ہر سطح پر کوششیں جاری ہیں۔ وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

جموں کشمیر میں نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے لازمی اقدامات کے بارے میں ایک ٹی وی اداکار اشرف ناگو نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

**جموں پولیس**

**جموں میں IGP جموں بھیم سین توتی نے ڈی پی ایل جموں میں Quality Investigation of Cases کے موضوع پر تین روزہ تربیتی پروگرام کا آغاز کیا ۔ اس تربیتی پروگرام میں جموں زون کے مختلف ضلعوں سے تعلق رکھنے والے 94 پولیس آفیسر شرکت کر رہے ہیں ۔**

**ایس ایس پی جموں جوگیندر سنگھ کی صدارت میں پولیس افسروں کی ایک میٹنگ منعقد ہوئی جس میں صوبے کے سلامتی صورتحال کا جائزہ لیا ۔ اس موقعہ پر پولیسنگ کے مختلف پہلوو**

---

**ں پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا ۔ؑ**

**سانبہ پولیس نے منشیات کے خلاف کاروائی کو جاری رکھتے ہوئے ایمز وجے پور کے نزدیک دو ڈرگ سمگلروں کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے ہیروئن کی کچھ مقدار بر آمد کی ہے ۔**

**پولیس نے بانا چوک آر ایس پورہ سے دو منشیات فروشوں کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے کچھ نشیلی اشیاءبر کی ہے ۔**

**جموں پولیس ساوتھ زون نے پچھلے مہینے کے دوران چوری کئے گئے 16 موٹر سائکلوں کو باز یاب کیا ہے ۔**

**ادھمپور پولیس نے Phalata کے مقام پر جموں سے سرینگر آ رہی ایک گاڑی سے دو ڈرگ سمگلروں کو گرفتار کر کے ان سے کچھ مقدار میں ہیروئن ضبط کی ہے ۔**

**پولیس**

**پولیس نے Krankshivan کالونی سوپور سے ایک ڈرگ سمگلر کو گرفتار کر کے اس کے قبضے سے نشیلی اشیاءبر آمد کی ہے ۔**

**پولیس نے گاندربل میں غیر قانونی کانکنی میں ملوث تین گاڑیوں کو ضبط کیا ہے ۔**

**جتیندر سنگھ**

**سائنس اور ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے آج Kavaratti Island لکشدیپ میں ملک کے پہلے Ocean Thermal Energy Conversion Desalination Plant کی پیش رفت کا جائزہ لیا ۔ اس موقعہ پر انہوں نے کہا کہ یہ پروجیکٹ کلیدی اہمیت کا حامل ہے ۔**

**اطلاع**

اور اب ہمارے خبروں کے بلٹینوں سے متعلق ایک اطلاع:۔

ہمار ے یہاں سے نشر ہونے والا گوجری خبروں کا بلٹین کل شام سے 5 بجکر 45 کے بجائے اب اپنے معمول کے وقت یعنی شام 5 بجکر 50 منٹ پر نشر ہوا کرے گا ، جبکہ کشمیری خبروں کا بلٹین جو ماہ صیام کی وجہ سے شام 5 بجکر 55 منٹ پر نشر ہو ا کرتا تھا اب شام 6 بجے نشر ہوا کرے گا ۔

کھیلو انڈیا

کھیلو انڈیا ٹرائبل گیمز کے پہلے شمارے کا آغاز 26 مارچ کو ہو گا اور یہ چھ اپریل تک جاری رہیں گی ۔ کھیل کود کے مرکزی وزیر ڈاکٹر منسکھ منڈاویہ نے اس کا علان کرتے ہوئے کہا کہ ان کھیلوں کا انعقاد چھتیس گڑھ ، رائے پور ، جگدل پور ، Sarguja میں منعقد کی جا رہی ہیں ۔ انہوں نے کہا کہ یہ کھیل مقابلے 2047 تک بھارت کو وکست بنانے کے وزیر اعظم کے نظریے کے تحت منعقد کئے جا رہے ہیں ۔

کرکٹ

عالمی کپ کرکٹ کے فائنل میچ میں اتوار کے روز احمد آباد کے نریندر ICC-T-20 مردوں کے مو دی اسٹیڈیم میں بھارت کا مقابلہ نیوزی لینڈ سے ہو گا۔

کل شام ممبئی کے وانکھڑے اسٹیڈیم میں کھیلے گئے دوسرے سیمی فائنل میں ایک دلچسپ مقابلے میں بھارت نے انگلینڈ کو سات رنوں سے شکست دی ۔ پہلے سیمی فائنل میں نیو زی لینڈ نے ساوتھ افریقہ کو ہرایا تھا۔

* .......اب پیش ہیں منشیات کے خلاف پولیس اور دیگر عوام دوست سرگرمیوں سے متعلق خبریں۔

* .......اب پیش ہیں مختلف سیاسی جماعتوں کے بیانات۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق اگلے 24گھنٹوں کے دوران جمونکشمیر میں عام طور پر موسم خشک جبکہ بالائی علاقوں میں کہیں کہیں پر ہلکی بارش یا برف باری ہونے کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت24 اعشاریہ5ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت6اعشاریہ6ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت31 اعشاریہ 8 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت17 اعشاریہ 1 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صب□6بجکر52منٹ اور غروب آفتاب شام6 بجکر32منٹ پر ہو گا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن کل صب□ 7.45 منٹ پر

کشمیری میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ